© rasailojaraid.com

اور ہندوستان —— پورے خطے کے مسلمانوں کے حق میں مضر ہوگا۔

الحمدللہ کہ اس فرض کا خاصا گہرا احساس وہاں موجود ہے اور میں نے (اور خلیل حامدی صاحب نے) اس احساس کو اور زیادہ مؤثر بنانے کے لیے خاصا کام کیا۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

---

(بقیہ مقامِ غم)

کی بشری خطاؤں اور کمزوریوں سے درگذر فرما کر اُن کے جذبۂ ایمانی اور اُن کی خدماتِ ملی و انسانی کو اپنی خاص قبولیت سے نوازے۔

مولینا ابوالخیر مودودی کی تعزیت کے سلسلے میں جنرل محمد ضیاء الحق صدرِ پاکستان، میر علی احمد تالپور وزیرِ دفاع، جنرل سوار خاں گورنر پنجاب، سفیر مصر کے علاوہ بے شمار دیگر محبتوں کی طرف سے مولینا ابوالاعلیٰ مودودی اور مرحوم کے اہلِ خانہ سے اظہارِ ہمدردی کے جو تار اور خطوط موصول ہو رہے ہیں، اُن کا فرداً فرداً جواب دینا مشکل ہے۔ میاں طفیل محمد صاحب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان، حسین فاروق مودودی مہتمم ادارہ ترجمان القرآن اور ابوالبرکات (مرحوم کے صاحبزادے)، سب اپنے ہمدردوں اور خیر خواہوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ان کے لیے فلاح و سعادت کی دُعا کرتے ہیں۔ (نعیم صدیقی)

---

# مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کے لیے دُعائے صحت کی اپیل

حال ہی میں اطلاع ملی ہے کہ بفیلو (امریکہ) کے ہسپتال میں مولانا مودودی کے معدے کا آپریشن ہو رہا ہے چنانچہ امریکی وقت کے مطابق ۱۲ بجے (مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۷۹ء) کو یہ مرحلہ بخیریت گزر گیا۔ آج (۵ ستمبر) صبح ۶ بجے حسین فاروق مودودی نے اپنے بھائی ڈاکٹر احمد فاروق مودودی سے ٹیلیفونی رابطہ کیا۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ آپریشن جو ڈھائی گھنٹے جاری رہا بخیر و خوبی مکمل ہوا۔ مولینا کے رفقاء، متعلقین، قارئین ترجمان القرآن اور جملہ مسلمان بحالی صحت کی دعا کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com